میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

پیر، 20 ذی الحج، 1438ھ | 11/09/2017 | نمبر: PN17066

حزب التحریر ولایہ پاکستان میانمار کے قصائیوں کے خلاف عملی اقدامات کی دعوت دیتی ہے

روہنگیا مسلمانوں کی مدد و نصرت کے لیے افواجِ پاکستان کے شیروں کو کھلا چھوڑ دو تاکہ مسلمانوں کے زخموں پر مرہم رکھا جائے

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے ملک بھر میں روہنگیا مسلمانوں کی حمایت میں مظاہرے، عوامی مقامات پر بیانات اور باثر افراد سے رابطے کی مہم چلائی۔ حزب التحریر ولایہ پاکستان مندرجہ ذیل عملی اقدامات کا مطالبہ کرتی ہے:

1۔ اسلام آباد میں میانمار کے سفارتی مشن کو بند کیا جائے، میانمار رنگون سے پاکستان کے سفارتی مشن کو واپس بلایا جائے اور ساتھ ہی ساتھ میانمار کے خلاف اعلانِ جنگ کیا جائے۔

2۔ جنگی طیارے جے ایف 17 تھنڈر کی فروخت کے معاہدے اور اس کی میانمار میں لائسنس کے تحت پیداوار کے لیے ہونے والی بات چیت کو ختم کرنے کا اعلان کیا جائے۔

3۔ پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کے استعمال کرنے کی تیاری کی جائے تاکہ بھارت کو واضح پیغام چلا جائے جو مسلمانوں کے خلاف دشمنی میں میانمار کا اتحادی بن رہا ہے۔

4۔ ہنگامی حالت کا اعلان کیا جائے اور اگلے چھ مہینوں کے لیے پاکستان کے نوجوانوں کو بنیادی فوجی تربیت فراہم کرنے کا اہتمام کیا جائے۔

5۔ بنگلادیش کے کمزور اور نااہل حکمرانوں سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ میانمار کی سرحد کے ساتھ واقع بنگلادیشی فوجی اڈوں کو ہمارے ایلیٹ کمانڈوز (ایس ایس جی)، انفنٹری، آرمی ایوی ایشن اور بکتر بند دستوں کے استعمال کے لئے مہیا کریں تاکہ بنگلادیش کی معزز مسلم افواج کے شانہ بشانہ، ہم مسلمان، مل کر مشرک دشمن کا مقابلہ کریں۔

اے پاکستان کے مسلمانو! حزب التحریر ولایہ پاکستان کی جانب سے مشرک میانمار کے خلاف عملی اقدامات آپ کے سامنے پیش کر دیے گئے ہیں۔ اب آپ پر لازم ہے کہ آپ ان قدامات کے مطالبے کو ہماری فوج اور اس کے افسران تک پہنچائیں۔ آپ میں موجود خیر روزِ روشن کی طرح عیاں ہے اور آپ کے پاس ایسی فوج ہے جس کا نعرہ "ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ" ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان عملی اقدامات کا مطالبہ ہر اس فوجی افسر تک پہنچے جسے آپ جانتے ہیں۔

اے افواجِ پاکستان کے شیرو! حزب التحریر ولایہ پاکستان میانمار کے قصائیوں کی شیطانیت اور درندگی کے خلاف آپ کے دلوں میں لگنے والی آگ کی حرارت کو محسوس کر رہی ہے۔ ہمیں آپ کی رغبت اور صلاحیت پر مکمل بھروسہ ہے۔ خود کو کمزور حکمرانوں کی زنجیروں سے آزاد کرائیں اور وہ کامیابی حاصل کریں جس کی امت شدید خواہش رکھتی ہے، اور امت کی ڈھال خلافت کے خاتمے کے بعد سے آج تک ایسی کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ آج امت کو آپ کی شدید ضرورت ہے تو اس کے ساتھ وفاداری کا ثبوت دیں اور اس کے دشمنوں پر غلبہ حاصل کریں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

﴿إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ* وَمَنْ يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ﴾

"تمہارا دوست خود اللہ ہے اور اس کا رسول ہے اور ایمان والے ہیں۔ جو نمازوں کی پابندی کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ رکوع کرنے والے ہیں۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول سے اور مسلمانوں سے دوستی کرے وہ یقین مانے کہ اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی غالب رہے گی" (المائدہ: 55-56)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس